گھر – اسکول کا معاہدہ

اسلاؤ اینڈ ایٹن چرچ آف انگلینڈ بزنس اینڈ انٹر پرائز کالج طالبعلموں کی کامیابی میں گھر اور اسکول کی باہمی حصہ داری کو ضروری سمجھتے ہیں۔

طلباء

بہترین نتائج کو حاصل کرنے کے لیے طالبعلم معاہدہ کریں گے کہ وہ:

محنت کرنا

کلاس میں محنت سے کام کریں اور ہوموورک وقت پر مکمل کریں۔

اسکول کی تمام سرگرمیوں میں حصہ لیں کلب اور افٹر اسکول کلاسز۔

اچھا ہونا

دوسروں کی عزت کریں اور ان کی چیزوں کے ساتھ احتیاط برتیں۔

دوسرے طلباء کی حفاظت اور رویے کے بارے میں مسائل کو فورا" رپورٹ کریں۔

تمام طالب علموں کو ان کی نسل، جنس (بشمول ٹرانس جینڈر)، جنسیت (ایل جی بی ٹی کیو+)، معذوری، عمر یا مذہب سے قطع نظر احترام کے ساتھ قبول کیا جائے

بلا عزر

اسکول باقاعدگی سے، وقت پر، درست رویے کے ساتھ حاضر ہوں گے۔

اسکول کی درست وردی پہنے گے اور ہر دن کے لیے صحیح سامان ساتھ لائیں گے۔

اسکول آتے ہوئے اور اسکول سے واپسی پر، ٹرپ اور وزٹ کے دوران اسکول کے اچھے نمائیندگار ثابت ہوں گے۔

کلاس کے اندر اور باہر بہترین اسلوک اور رویئے کا مظاہرہ کریں گے اور اسکول کی تمام توقعات پر پورا اتریں گے۔

اپنی چیزوں کی خود ذمہداری لیں اور قیمتی چیزیں اور زیادہ رقم اسکول مت لائیں۔

اپنی ڈائری کو احتیاط سے استعمال کریں اور اسکول کا ہوموورک تفصیل سے لکھیں۔

والدین اور اساتذہ سے اپنے مسائل بیان کریں اور اسکول کے تمام خطوط، نوٹسز والدین کو اسی دن پہنچائیں۔

اسکول میں رویے، بللنگ اورای سیفٹی کے اصولوں کی پابندی کریں۔

طالبعلم کا نام---------- فارم گروپ---------- طالبعلم کے دستخط----------

والدین

ہمارے طالبعلموں کے لیے بہترین ممکن نتائج حاصل کرنے کے لیے والدین کو معاہدہ کرنا ہو گا کہ؛

وہ اسکول کے اصولوں سے متفق ہوں گے اور اس بات کی یقین دہانی کریں کہ آپ کا بچہ/بچی اسکول باقاعدگی سے، وقت پر، درست سامان کے ساتھ حاضر ہوں گے۔

اپنے بچے/بچی کی اسکول کی زندگی میں بھرپور دلچسپی لیں گے۔

اسکول سے بچے کے کام اور پڑھائی کے رویے کے متعلقہ تمام معلومات پر بات چیت کریں۔

اسکول کو کسی بھی وجہ سے بچے کی اسکول سے غیر حاضری کی اطلاع دیں۔

اس بات کی یقین دہانی کریں کہ آپ کا بچہ/بچی اسکول کی بیحیوئیر پالیسی کی پیروی کرے اور اسکول جو قدم اس بارے میں اٹھائے اس کا ساتھ دیں۔

اسکول سے باہر سیکھنے پر اور پڑھائی کی طرف مثبت رویے پر بچے کی حوصلہ افزائی کریں اور انہیں متعلقہ سہولتیں مہیا کریں۔

اپنے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ تمام طلباء اور اساتذہ کو ان کی نسل، جسمانیت بشول (ٹرانس جینڈر)، جنسیت (ایل جی بی ٹی کیو +) معذوری، عمر اور مذہبی اختلافات کے قطع نظر احترام کے ساتھ قبول کریں۔

پیرنٹس ایوننگس، اسٹوڈنٹ اسپورٹ میٹنگز اور دیگر مواقع جات جہاں آپ کی آمد متوقع ہے وہاں ضرور حاضر ہوں۔

اسکول اور گھر کے تعلقات کو مثبت رکھنے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں۔

اس بات کی یقین دہانی کریں کہ اسکول کو اپنے رابطے کی تفصیلات، طبی معلومات، اپنے بچے/بجی کی تعلیمی ضروریات سے آگاہ رکھیں۔

والدین کے دستخط----------

اسلاؤ اینڈ ایٹن

ہمارے طالبعلموں کے لیے بہترین ممکن نتائج حاصل کرنے کے لیے اسلاؤ اینڈ ایٹن کو معاہدہ کرنا ہو گا کہ؛

تمام طلباء کو محفوظ اور حوصلہ افزا ماحول فراہم کرنا۔

تمام صلاحیتوں کے حامل طلباء کو ایک وسیع اور متوازن نصاب پیش کرنا۔

تمام طلباء کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اپنی تعلیم کی ذمہ داری لیں ، اپنی کامیابیوں پر فخر محسوس کریں اور اسکول میں ایک طالب علم ہونے سے لطف اندوز ہوں۔

والدین /دیکھ بھال کرنے والوں کو ان کی پیشرفت اور عام اسکول کے معاملات سے آگاہ رکھیں۔

اس بات پر زور دیے کہ تمام طالب علم اسکول کے رویے اور اینٹی بللنگ پالیسیوں کا احترام کریں۔

ایک ایسا ماحول فراہم کریں جہاں تمام طالب علموں کو ان کی نسل، جنس)بشمول ٹرانس جینڈر(، جنسیت)ایل جی بی ٹی کیو(+، معذوری، عمر یا مذہب سے قطع نظر احترام کے ساتھ قبول کیا جائے، اور جب ایسا ہوتا ہے تو تمام تعصب کو چیلنج کریں۔

تحفظ کے خدشات کے ساتھ خوف یا مہربانی کے بغیر کام کریں، بچے کو ہماری فیصلہ سازی کے مرکز میں رکھیں۔

باقاعدگی سے خودمختارانہ مطالعہ مقرر کریں اور اسکول میں مناسب سہولیات فراہم کریں

طلباء کے کام کا اندازہ/چیک کریں اور بہتر بنانے کے بارے میں باقاعدگی سے اہداف اور رہنمائی فراہم کریں

اسکول کی جانب سے دستخط----------

ای سیفٹی کےاصول

اسکول کے آئی سی ٹی سسٹم کو استمال کرنے کے لیے طلباء کو درج ذیل چیزوں کا خیال رکھنا ہو گا:

اس بات کی یقین دہانی کریں کہ وہ اپنا یوسرنیم اور پاسورڈ حفاظت اور احتیاط سے رکھیں۔ وہ اپنا یوسر نیم اور پاسورڈ کسی کو نہ دیکھائیں اور نہ ہی کسی اور کا استمال کرنے کی کوشش کریں۔

جب آن لائن ہوں تو اپنی ذاتی معلومات کسی کو مہیا نہ کریں۔

اگر آن لائن کوئی غیر جانبدارانہ اور ناخوشگوار مواد اور پیغام دیکھیں جو انہیں بے سکون کرتا ہے اس کو فورا" رپورٹ کریں۔

اسکول کے سسٹم کو ذاتی اور تخلیقی کاموں کے لیے اسکول کی اجازت کے بغیر استعمال نہ کریں۔

اسکول کے سسٹم کو آن لائن گیمز، آن لائن جواء بازی، انٹرنیٹ شاپنگ، فائل شیئرینگ اور وڈیو نشر (یو ٹیوب) کرنے کے لیے اسکول کی اجازت کے بغیر استعمال نہ کریں۔

کسی اور یوسر کی فائلیں ان کے علم اور اجازت کے بغیر نہ کھولیں، کاپی کریں اور استعمال کریں۔

دوسروں کے ساتھ نرمی اور ذمہداری سے بات چیت کریں۔

کسی کی اجازت کے بغیر ان کی تصویر نہ لیں اور نہ ہی کسی اور کے ساتھ شیئر کریں۔

اپنے ذاتی آلات (موبائل فون، یو ایس بی وغیرہ) اجازت اور اسکول کی اصولوں کی پابندی کرتے ہوے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

کسی قسم کا غیر قانونی اور غیر جانبدارانہ مواد جو دوسروں کو نقصان پہنچاے، اپلوڈ اور ڈاؤنلوڈ نہ کریں۔

کوئی اس قسم کا سوفٹ ویئر اور پروگرام استعمال نہ کریں جو اسکول کے حفاظتی نظام کو بائی پاس کر کے سسٹم کو نقصان پہنچائے۔

اسکول کے سسٹم، سامان اور سوفٹ ویئر میں خرابی یا نقصان کی فورا" رپورٹ کریں۔

اسکول کے سامان میں کسی قسم کی مداخلت، اس کو ٹھیک کرنے یا نقصان پہنچانے کی کوشش مت کریں۔

اسکول کے سسٹم پر کسی قسم کا پروگرام انسٹال نہ کریں اور نہ ہی کمپیوٹر کی سیٹینگ کو بدلیں۔

سوشل میڈیا کی سائٹس کو مقررہ وقت پر اجازت لے کر استعمال کریں۔

اس بات کا خیال رکھیں کہ دوسروں کا کام صرف ان کی اجازت سے ہی اپنے کام میں استعمال کریں۔

کوئی کاپی رائٹ والا کام (موسیقی یا وڈیو) ڈاؤنلوڈ نہ کریں۔

جمع کرائے گئے کام کو "ٹرن اٹ ان "کے ذریعے منتقل کیا جائے گا اور چوری شدہ کام کو ممکنہ سزا کے ساتھ واپس بھیجا جائے گا۔

کام مکمل کرنے کے لئے مصنوعی ذہانت)اے آئی (کا استعمال نہ کریں۔ ایسا کرنے والے طلباء پر پابندی عائد کی جا سکتی ہے۔

آئی ٹی سسٹم کی نگرانی کی جاتی ہے اور ان ہدایات کی خلاف ورزیوں کی تحقیقات کی جائیں گی اورسزا دی جائے گی۔